AECC – 5.4

NEW HORIZON COLLEGE LIBRARY KASTURINAGAR BANGALORE-43

# I Semester B.B.A./B.C.A./B.H.M./B.S.W. Examination, February/March 2024
## (NEP) (Freshers & Repeaters)
## LANGUAGE URDU
## Paper – I : Prose, Poetry and Non-detail

Time : 2½ Hours                                                                 Max. Marks : 60

ہدایات : 1) تمام سوالات کے جواب لازمی ہیں۔

2) ہر سوال کے نمبر سوال کے روبرو درج ہیں۔

I. صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے : (10×1=10)

1) ملکہ صداقت زمانی سلطانِ آسمانی کی ________ تھی۔

(بیٹی   بہو   بیوی)

2) ________ کو سدھارنے اور پھیرنے میں انہیں کمال تھا۔

(گھوڑے   ہاتھی   کتے)

3) ایک اور قوم جسے عام طور پر تاریخ میں ________ کہا جاتا ہے۔

(آریہ   چینی   یونانی)

4) خبردار ! ________ کے بچے ، دیکھتا نہیں کدھر جا رہا ہے۔

(حجام   پنڈت   دھوبی)

5) ________ کے طرف دار یہ کہیں گے کے مغرب کو محض جینے کا قرینہ آتا ہے۔

(غالب   گاندھی   ارسطو)

6) نظم "ماں کا خواب" کے شاعر سر اقبال ہیں۔ (صحیح / غلط)

7) جذبی کی نظم کا عنوان " میرے سوا " ہے۔ (صحیح / غلط)

8) نظم "سانحہ" میں گاندھی جی کا ذکر کیا گیا ہے۔ (صحیح / غلط)

9) ڈراما پردۂ غفلت میں زمینداری پر چوٹ کی گئی ہے۔ (صحیح / غلط)

10) شیخ کرامت علی کا کردار ڈرامے کا اہم حصہ ہے۔ (صحیح / غلط)

P.T.O.

II. کسی دو سوالوں کے تفصیلی جواب لکھئے : (2×10=20)

1) نورخان کی شخصیت و کارناموں کے کوئی دو واقعات لکھئے۔

2) اُردو زبان کی ابتداء پر احتشام حسین کے نظریات لکھئے۔

3) یوسفی عیادت کے بہانے مشورہ دینے والوں سے کس قدر پریشان ہیں؟ بتایئے۔

III. متن کے حوالے سے کسی تین جملوں کی وضاحت کیجئے : (3×2=6)

1) "ملکہ جب آسمان سے نازل ہوئی تھی تو سمجھتی تھی کہ بینی آدم میرے آنے سے خوش ہونگے"۔

2) "یہاں سگریٹ پینے کی اجازت نہیں ہے"۔

3) "اور تم تو عرش پر بیٹھنے کے لائق ہو"۔

4) "ہمارے ہاں ننانوے فی صد لوگ مشورے کے علاوہ اور دے بھی کیا سکتے ہیں"۔

5) "شادی کے معاملے میں لڑکے لڑکی کی رضامندی کا خیال کرنا انوکھی بات ہے"۔

IV. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : (1×8=8)

1) ماں کا خواب

2) اے میرے سوچ نگر کی رانی

3) ایک بار جو کھو جائے وہ وقت نہیں ملتا۔

V. کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے : (3×2=6)

1) گلشن میں آگ لگ رہی تھی رنگِ گل سے میرؔ
بلبل پکاری دیکھ کے صاحب پرے پرے

2) زیست سے تنگ ہو ، اے داغؔ تو کیوں جیتے ہو
جان پیاری بھی نہیں ، جان سے جاتے بھی نہیں

3) بھولے سے مسکرا تو دیے تھے وہ آج فیضؔ

مت پوچھ ولولے دلِ ناکردہ کار کے

4) بشر ہوں میں فرشتہ کیوں بنوں جیسا ہوں اچھا ہوں

بغاوت اپنی فطرت سے نصیب دشمناں کیوں ہو

5) سنیں گے نہ حالیؔ کی کب تک صدا

یہی ایک دن کام کر جائے گی

VI. کسی دو سوالوں کے جواب لکھیے : **(2×5=10)**

1) منظور نے کیوں اپنے کھیت و جائیداد الگ کر لینا چاہتا تھا؟

2) احمد حسین کے کی غلط سوچ و فکر نے کھیتوں کو ہراج ہونے کے قریب کر دیا؟ کیسے ؟

3) شیخ کرامت علی کے کردار کا جائزہ لیجیے۔

---